پریس ریلیز

گوجرانوالہ 11 فروری 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب کی گفٹ یونیورسٹی کے سالانہ کانووکیشن میں شرکت جبکہ گورنر پنجاب بلیغ الرحمان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین محمد انور ڈار، سابق صدر گوجرانوالہ چیمبر محمد شعیب بٹ، پروفیسرز ،طلباء وطالبات کے علاوہ زیر تعلیم بچوں کے والدین نے شرکت کی۔ کانووکیشن کے بعد مختلف ٹی وی چینلز کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں تمام طلباء وطالبات کو اس شاندار کامیابی پر نہ صرف انہیں بلکہ ان کے اساتذہ کرام اور والدین کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں جن کی شبانہ روز محنت سے طلباء و طالبات کو اللہ تعالیٰ کامیابی سے ہمکنار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کی تدیر بدلنے میں اعلیٰ تعلیم یافتہ طلباء وطالبات کلیدی کردار ادا کر سکتے ہے۔ نوجوان نسل کو چاہیئے کہ وہ عملی کام کر کے ملک کا قیمتی اثاثہ بن سکتے ہیں۔ قبل ازیں گورنر پنجاب نے تمام طلباء وطالبات کو کامیابی پر میڈلز تقسیم کرنے کے بعد روشنی ہومز ٹرسٹ کا دورہ کیا اور روشنی ہومز ٹرسٹ کی بہترین کاوشوں کو سراہا۔